PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

شعیب نوید معاہدے میں توسیع نہیں لیں گے

لاہور،9دسمبر2020ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ آج اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ پی ایس ایل کے پروجیکٹ ایگزیکٹو مسٹر شعیب نوید اپنے معاہدے کی توسیع نہیں لیں گے، انکے معاہدے کی مدت 23 دسمبر کو ختم ہورہی ہے۔

شعیب نوید نے پی سی بی کو پچھلے سال جوائن کیا تھا، ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ2020 آغاز سے اختتام تک پاکستان میں منعقد ہوئی، اس سارے ایونٹ کی کامیاب منصوبہ بندی میں انکا اہم حصہ رہا۔

مسٹر شعیب نوید کا کہنا ہے، مجھے اس بات کا فخر ہے کہ میں پاکستان سپر لیگ کا پہلا پروجیکٹ ایگزیکٹو ہوں۔پی ایس ایل میں میرے دوسرے دور کی اہم بات یہ ہے کہ ہم پی سی بی کی پوری ٹیم، ٹیم مالکان، سیکیورٹی ایجنسیوں اور مقامی انتظامیہ کے تعاون سے پاکستان میں پوراسیزن کروانے میں کامیاب رہے ہیں۔

میں نے ینگ فیملی کی موجودگی میں یہ محسوس کیا کہ مجھے ایک مختلف چیلنج کی طرف بڑھنے کی ضرورت ہے۔ایچ بی ایل پی ایس ایل پاکستان کاسب سے بڑابرانڈ ہے اور یہ میرے دل کے قریب ہے، میں اس کی مزید کامیابی کے لیے پرامید ہوں۔

شعیب نوید کی رخصتی کے بعد پی سی بی کے ڈائریکٹر کمرشل بابر حمید ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 2021 کی منصوبہ بندی اور معاملات سنبھالیں گے۔

– ENDS –

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk